10186-کیا مطلقہ عورت اپنے ملک واپس جا سکتی ہے

سوال

میں امریکہ میں ایک ملازمہ عورت کی ماں ہوں، کچھ عرصہ قبل ہی مجھے خاوند نے طلاق دی ہے اب میں اپنے معاملہ میں پریشان ہوں، خاوند نے مجھے دھمکی دی ہے کہ اگر میں نے اپنے ملک واپس جانے کی کوشش کی تو وہ مجھ سے میرا بیٹا لے لے گا.

وہ اپنی اس دھمکی پر عمل کرنے کی استطاعت بھی رکھتا ہے، کیونکہ میرا خاوند اور بیٹا دونوں امریکی شہریت کے حامل ہیں، اور میرے پاس امریکی شہریت نہیں، میرا سوال یہ ہے کہ :

کیا اگر میں محرم کے بغیر رہتی تو کیا اس سے اللہ ناراض ہوگا، اور اس سلسلہ میں مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

کیونکہ میرے خاندان کے کسی بھی شخص کے لیے یہاں امریکہ میں آنا مشکل ہے، برائے مہربانی مجھے بتائیں میں کیا کروں ؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن
صالح العثیمین رحمہ اللہ کے سامنے پیش کیا تو انہوں نے جواب دیا :

اگر اس عورت کو کوئی خطرہ نہیں اور
وہ امن میں ہو تو پھر اس کے وہاں رہنے میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ اب اس ملک وہی ہے
جہاں رہ رہی ہے، اور اب میں مسافر نہیں، ہو سکتا ہے اس کے پاس اس کا خاوند آئے اور
اس سے شادی کر لے.

واللہ تعالی اعلم.